سوال

(277) قضااگلے رمضان تک مؤخر کردی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اس شخص کے بارے میں کیا حکم ہے جو رمضان کا ایک روزہ چھوڑ دے اور پھر قضا نہ دے حتی کہ اگلا رمضان آجائے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر چھوڑے ہوئے روزے کی قضا میں کسی عذر مثلا بیماری وغیرہ کی وجہ سے تاخیر ہوئی تو اس پر بوقت قدرت صرف قضا لازم ہوگی اور اگر اس نے کسی عذر کے بغیر قضا میں تاخیر کی تو اس نے بہت برا کیا ہے۔ اس صورت میں قضا بھی لازم ہوگی اور ایک مسکین کو کھانا بھی کھلانا ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب الصیام: ج2 صفحہ 209

محدث فتوی